© rasailojaraid.com



⊙ **ماہنامہ رُشد** لاہور (حُرمتِ رسولؐ نمبر)، مدیر: حافظ انس نضر مدنی۔ رابطہ دفتر: ۹۹-جے، ماڈل ٹاؤن، لاہور۔ صفحات: ۲۲۴۔ قیمت (خصوصی اشاعت): ۳۰ روپے۔ [تحفظ ناموسِ رسالتؐ پر یہ اشاعت خاص کئی حوالوں سے منفرد ہے۔ تحفظِ ناموسِ رسالتؐ کا علمی جائزہ، توہین آمیز خاکوں کی نوعیت، توہینِ رسالتؐ کے بارے میں استفسارات، مغرب کے نقطۂ نظر کا جائزہ، اُمت مسلمہ کی ذمہ داریاں اور مسلمانوں میں اہانتِ رسولؐ کے مختلف پہلو زیربحث آئے ہیں۔ توہین آمیز خاکوں کی اشاعت (ستمبر ۲۰۰۵ء- مارچ ۲۰۰۸ء) پر ردعمل کی تاریخ وار مختصر روداد کے ساتھ ساتھ آخر میں ۱۹۷۳ء سے تاحال توہینِ رسالتؐ کے موضوع پر رسائل میں شائع شدہ مضامین کا اشاریہ بھی شاملِ اشاعت ہے۔]

⊙ **مکاتیب الکریم**، مولانا عبدالقیوم حقانی۔ ناشر: القاسم اکیڈمی، جامعہ ابوہریرہ، خالق آباد، نوشہرہ۔ صفحات: ۳۱۱۔ قیمت: درج نہیں۔ [القاسم نے گیارھویں خصوصی اشاعت میں قاضی عبدالکریم صاحب کے تقریباً ۳سو خطوط بنام حقانی شائع کیے ہیں۔ یہ خطوط کیا ہیں: اکابرین دیوبند کے مشاہدات و تجربات کا نچوڑ، احسان وسلوک کا عطر، علم وادب، امثال واشعار اور لطائف وظرائف کا مرقع، فقہ اور فتاویٰ کی نادر مثالیں، حکومت وسیاست اور فرقِ باطلہ کا بھرپور تعاقب، اخلاص وللّٰہیت اور روحانی معمولات۔]

⊙ **ڈاکٹر انعام الحق کوثر: حیات و خدمات**، مرتبہ: ڈاکٹر محمد احتشام الحق۔ ناشر: ادارہ تحقیق وتصنیف بلوچستان، ۲۷۲-اے، بلاک او-III، سیٹلائٹ ٹاؤن، کوئٹہ۔ صفحات: ۲۶۲۔ قیمت: ۳۰۰ روپے۔ [اُردو اور فارسی زبان وادب کے نام وَر محقق، مصنف اور معلم ڈاکٹر کوثر عرصۂ دراز سے بلوچستان کی سنگلاخ سرزمین میں ایک عزمِ صمیم کے ساتھ مصروفِ عمل ہیں۔ بعمر ۷۷ سال بایں پیرانہ سالی، اُن کی ہمت قابلِ داد ہے۔ اُن کی خدماتِ علمی و ادبی کے اعتراف میں اُن کے دوستوں، قدردانوں، رفقاے کار اور شاگردوں کے مضامین کا یہ مجموعہ قدرافزائی کی قابلِ ستایش کوشش ہے جس سے ان کی طویل جدوجہد کا کچھ اندازہ ہوتا ہے۔]

⊙ **اسلامی طرزِ معاشرت**، تالیف: محمد بن جمیل زینو، ترجمہ: خبیب احمد سلیم۔ ناشر: حدیبیہ پبلی کیشنز، رحمٰن مارکیٹ، اُردو بازار، لاہور۔ فون: ۷۲۴۲۶۰۴۔ صفحات: ۳۰۴۔ قیمت (مجلد): ۱۴۰ روپے۔ [اپنے موضوع پر ایک مفید کتاب جس میں صرف عبادات، یعنی نماز، روزے، حج کا ذکر نہیں ہے بلکہ بچوں کی تعلیم وتربیت، اخلاق وعادات، اسلامی معاشرت اور عورت کا مقام جدید دور کے پس منظر میں زیربحث آئے ہیں۔ مشہور بدعات کا تذکرہ ہے۔ موسیقی اور تمباکونوشی پر بھی بحث ہے۔ جہاد کے موضوع پر جدید مباحث ہیں۔ تقلید کے حوالے سے ائمہ اربعہ کا نقطۂ نظر دیا گیا ہے۔ آخر میں دعاؤں کا عمدہ انتخاب ہے۔]

⊙ **حدیث کہانی**، نگہت سیما۔ ناشر: المجاہد پبلشرز، چوتھی منزل، دین پلازا، جی ٹی روڈ، گوجرانوالہ۔ فون: ۰۵۵-۸۲۰۴۱۷۷۔ صفحات: ۸۰۔ قیمت: ۴۰ روپے۔ [کتاب میں فرموداتِ رسولؐ اور اسلام کی اخلاقی تعلیمات سے آگہی دی گئی ہے۔ اسلوبِ بیان ایسا عمدہ اور دل چسپ کہ بچہ کہانی پڑھتا چلا جائے اور حدیث کا مفہوم ذہن پر نقش ہوجائے۔ زیادہ مؤثر ہوگا کہ کہانی کے آغاز میں حدیث دینے کے بجاے آخر میں دی جائے۔ بچوں کی احادیث سے آگہی کے لیے مفید کاوش۔]

© rasailojaraid.com